## جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام ملک کی ترقی میں سب سے بڑی روکاٹ ہے، سینیٹر محمد علی بروہی

## پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام خواجہ اجمیر نگری میں کارنر میٹنگ سے خطاب

## کارنر میٹنگ میں مختلف قومیتوں اور برادریوں کے افراد کی بڑی تعداد میں شرکت

## علاقے میں ایم کیوایم کے رابطہ آفس کا افتتاح اور پرچم کشائی

کراچی۔۔۔21/اگست 2007ء

ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام ملک کی ترقی میں سب سے بڑی روکاٹ ہے جس نے ملک وقوم کوتباہی کے دہانے پر پہنچادیا ہے۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کے سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام خواجہ اجمیر نگری میں کارنر میٹنگ سے خطاب میں کیا۔ کارنر میٹنگ میں علاقے کے پنجابی، پختون، بلوچ، سرائیکی، گلگتی، کشمیری، ہزارے وال اور اردو بولنے والوں سمیت مختلف برادریوں کے سینکڑوں افراد نے شرکت کی۔قبل ازیں سینیٹر محمد علی بروہی نے رابطہ آفس کا افتتاح کیا اور پرچم کشائی کی۔اس موقع پر پی پی اوسی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم، رکن حسین علی، نیوکراچی ٹاؤن یوسی 11 کے ناظم، نائب ناظم اور کونسلرز بھی موجود تھے۔شرکاء سے اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب متوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جو پرامن جمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک سے فرسودہ نظام کا خاتمہ کرکے غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے۔ایم کیوایم کا پیغام حق پرستی تیزی سے ملک بھر میں پھیل رہا ہے اور پیغام جہاں بھی پہنچا غریب ومتوسط طبقے کے عوام نے لبیک کہا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے تمام مذاہب، قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے عوام کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کردیا ہے، عوام میں شعور بیدار ہورہا ہے جس سے جاگیردار، وڈیرے، چوہدری، سرداراوران کے ماتحت سیاسی ومذہبی جماعتیں متحدہ قومی موومنٹ سے خوفزدہ ہیں اور وہ ایم کیوایم کو ختم کرنے کیلئے سازشی ہتھکنڈے استعمال کررہی ہیں۔12 مئی بھی ان ہی سازشوں کا حصہ ہے جس کا مقصد عوام میں ایم کیوایم کے خلاف نفرت اور زہر بھرکرانہیں ایم کیوایم سے دور کرنا تھا۔انہوں نے کہا کہ اب عوام باشعور ہیں وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ ان کو حقوق کون دلاسکتا ہے اور کون انہیں اپنے مفادات کی تکمیل کیلئے استعمال کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام الطاف حسین کو اپنا مسیحا تسلیم کرچکے ہیں اور اب وہ کسی کے بہکاوے میں ہرگز نہیں آئیں گے۔کارنر میٹنگ سے خورشید مکرم اور دیگر نے بھی خطاب کیا اور ایم کیوایم کے اغراء ومقاصد سے عوام کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کیخلاف تمام تر منفی پروپگنڈوں اور سازشوں کے باوجود آج بھی پختون، پنجابی، سرائیکی، گلگتی، کشمیری ہزارے وال سمیت مختلف مذاہب اور برداریوں کے لوگ جوق در جوق ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں۔

## ایم کیوایم پنجاب کنونشن مخالفین کیلئے نوشتہ دیوار ہے، محمد یوسف شاہوانی

## کنونشن کی کامیابی پرایم کیوایم بلوچستان کی مبارکباد

کراچی۔۔۔21/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی واراکین صوبائی اورضلعی آرگنائزنگ کمیٹیوں نے لاہور میں ایم کیوایم پنجاب کے ورکرز کنونشن کی کامیابی پر پنجاب سے تعلق رکھنے والے تمام ذمہ داران وکارکنان کودل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے اور کہا ہے کہ پنجاب ورکرز کنونشن ایم کیوایم مخالفین کیلئے نوشتہ دیوار ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی ملک کے گوشے گوشے میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور عوام کے دلوں میں گھر کررہا ہے اور جس سے متحدہ قومی موومنٹ کیخلاف سازشیں کرنیوالوں کی نیندیں حرام ہوگئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کنونشن کی کامیابی نے ثابت کردیا ہے کہ منفی ہتھکنڈوں اور سازشوں سے حق پرستی کے پیغام کوروکا نہیں جاسکتا اور نہ ہی غریب عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے قیام سے لیکر یہ سلسلہ سندھ بلوچستان اور سرحد ہی نہیں بلکہ پنجاب کے سبزوشاداب کھیتوں سے ہوتا ہوا وادی کشمیر کی بلندوبالا پہاڑوں تک پہنچ چکا ہے جس نے جاگیرداروں، سرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں سمیت سیاسی ومذہبی جماعتوں کے مفادات پرست رہنماؤں کی نیندیں حرام کردی ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے آئندہ انتخابات میں ملک بھر سے حصہ لینے کے اعلان پر حق پرست عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور وہ ملک میں رائج فرسودہ نظام کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے ایم

کیوایم کی جدوجہد میں شامل ہیں ۔بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے قائدتحریک جناب الطاف حسین،ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران،کارکنان کوکنونشن کی کامیابی پرمبارکباد پیش کی اورایم کیوایم کی کامیابی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمرصحت وتندرستی کیلئے دعا کی ۔

## واٹربورڈاورسانگھڑزون کے کارکنان اورٹنڈوالہ یار کےزونل انچارج سے رابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔21راگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبرڈویژن واٹربورڈیونٹ کےکارکن سیدرفعت علی کی والدہ محترمہ انتظاری بیگم اورایم کیوایم سانگھڑزون یونٹ2/B کے یونٹ کمیٹی کے رکن محمداسلم کی والدہ محترمہ رفیعہ بیگم اورایم کیوایم ٹنڈوالہ یارزون کے زونل انچارج خوشی محمد مغل کی تائی محترمہ صدیقن کے انتقال پرگہرے رنج وغم کااظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کےسوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کوجنت الفردوس میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## محترمہ قرۃالعین حیدرکاانتقال دنیائے ادب کابہت بڑانقصان ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔21اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدالطاف حسین نے برصغیرکی ممتازناول نگارمحترمہ قرۃالعین حیدر کےانتقال پردلی افسوس کااظہارکیاہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ محترمہ قرۃالعین حیدرنے اپنے شاہکارناولوں کے ذریعے ادب کی جوخدمت کی ہے وہ یادرکھی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ محترمہ قرۃالعین حیدرکاانتقال دنیائے ادب کابہت بڑانقصان ہےاوران کےانتقال سے دنیائے ادب میں جوخلاء پیداہوگیاہے وہ پرنہیں ہوسکےگا۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ قرۃالعین حیدرکی مغفرت فرمائے،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دےاورلواحقین کوصبرجمیل عطاکرے۔

☆☆☆☆☆